NYC Public Schools

این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

Shiko këtë dokument në shqip | عرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথিটি বাংলা ভাষায় দেখুন
查看本文件的简体中文版本 | 查看本文件的繁體字中文版本 | Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an Kreyòl ayisyen
이 문서를 한국어로 보십시오 | Документ на русском языке | Consulte este documento en español
Переглянути цей документ українською мовою | اس دستاویز کو اردو میں ملاحظہ کریں | Ushbu hujjatni ichida ko'ring O'zbek

schools.nyc.gov/MessagesForFamilies

2026 مئی

یہ اہل خانہ خبرنامہ 2026-27 کے تعلیمی سال کلینڈر، سمر رائزنگ پیشکشوں، داخلوں کی معلومات، اساتذہ کے لیے اظہارِ تشکر کا ہفتہ، موسمیاتی عمل کا دن، اور والدین - اساتذہ کی شام کی کانفرنسوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرتا ہے۔

مندرجات

- اظہارِ تشکر کا ہفتہ
- موسمیاتی عمل کا دن
- والدین اساتذہ کانفرنسیں
- 2026-27 تعلیمی سال کلینڈر
- سمر رائزنگ پیشکشیں
- داخلوں کی اہم تاریخیں

2026-27 نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کیلنڈر

2026 –27 تعلیمی سال کلینڈر اب دستیاب ہے! **جمعرات، 10 ستمبر** اگلے تعلیمی اسکول کا پہلا دن ہے! یہاں **schools.nyc.gov/Calendar** پر جاکر اہم تاریخیں دیکھیں اور قابل اشاعت (پرنٹ) فائلیں ڈاؤن لوڈ کریں۔ نیز براہ کرم متوجہ ہوں کہ:

خراب موسم یا دیگر ہنگامی حالات کی وجہ سے جن دنوں میں اسکول کی عمارتیں بند ہوں، NYCPS ریموٹلی سیشن جاری رکھ سکتا ہے۔ پچھلے طریقوں کی طرح، اگر NYCPS کی چھٹیاں سنیچر اتوار میں آئیں گی، اسکول دوران ہفتہ بند نہیں ہوں گے۔

2026-27 تعلیمی سال میں مندرجہ ذیل چُھٹیاں سنیچر اتوار کے دن ہوں گی اور انہیں بطور اسکول تعطیلات نہیں سمجھا جائے گا۔

- روش ہشانہ (سنیچر-اتوار، 13– 12، ستمبر، 2026)
- دیوالی (اتوار، 8 نومبر، 2026)
- نیا قمری سال (7 فروری، 2027)

کلینڈر کس طرح بنایا گیا ہے اس کے بارے میں سوالات ہیں؟ مزید معلومات کے لیے یہاں **schools.nyc.gov/CalendarExplainer** جائیں۔

سمر رائزنگ پیشکشیں

اگر آپ نے سمر رائزنگ میں درخواست دی ہے اور ایک پیشکش موصول ہوئی ہے، آپ کے لیے اسے نشست محفوظ کرنے کے لیے **منگل، 5 مئی** تک قبول کرنا لازمی ہے! اہل خانہ کو خودکار طور پر اندراج نہیں کیا جائے گا۔ اپنے بچے کی پیشکش کو قبول یا مسترد کرنے کے لیے **MySchools.nyc** پر لاگ اِن کریں۔

داخلوں کی اہم تاریخیں

قابل اور ہنر مند (G&T) گریڈ 1-4 کی درخواست 8 مئی کو بند ہو رہی ہے

خزاں 2026 کے لیے اپنی قابل اور ہنر مند گریڈ 1-4 کی درخواست **جمعہ، 8 مئی** تک جمع کروائیں۔ G&T پروگرامز 1 سے 4 گریڈز تک کے اہل طلباء کو تیز رفتار تدریس فراہم کرتے ہیں۔ اہلیت کے حامل طلباء کے اہل خانہ ای میل اور / یا ڈاک کے ذریعے ایک خط میں G&T کے لیے درخواست دینے کی دعوت موصول کریں گے۔ G&T اہلیت کے تقاضوں اور داخلوں کے بارے میں جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/GT** پر جائیں۔

3K اور پری کنڈرگارٹن کے نتائج

اگر آپ 28 فروری کی آخری تاریخ تک خزاں 2026 کے لیے 3K اور پری کنڈرگارٹن میں درخواست دیتے ہیں، آپ کو آپ کے بچے کے نتائج **منگل، 12 مئی** (Pre-K) یا **منگل، 19 مئی** (3K) تک موصول ہو جائیں گے۔ ایک پیشکش کو قبول کرنے کے لیے اور منتظرین کی کسی فہرست کو دیکھنے کے لیے اپنے **MySchools.nyc** اکاونٹ میں لاگ ان ہوں۔ پیشکشیں کس طرح دی جاتی ہیں اس کے بارے میں جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/3K** اور **schools.nyc.gov/PreK** پر جائیں۔

اساتذہ کے لیے اظہارِ تشکر کا ہفتہ

4 مئی سے 8 مئی 2026 تک کے ہفتے کے دوران اپنے بچے کے اساتذہ کے لیے ستائش کا اظہار کریں! اساتذہ ہمارے بچوں کو محفوظ، معاون اور حوصلہ افزا ماحول کی فراہمی میں مدد کرتے ہیں اور وہ کلاس روم کے اندر اور باہر اپنی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی ترغیب دیتے ہیں۔

مئی، 8–4 کے دوران، اساتذہ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے کچھ وقت نکالیں جن کی وجہ سے آپ کے بچے کی زندگی میں تبدیلی آئی ہے۔ **doeallstars.schools.nyc پر بطور ایک مہمان سائن ان کریں اور اپنے پسندیدہ NYCPS استاد کو اپنی طرف سے حوصلہ افزائی کا ایک پیغام بھیجیں۔** ایک استاد کے دن کو خوشگوار بنانے کا یہ اتنا آسان طریقہ ہے! ہم طلباء اور خاندانوں کی بھی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ سوشل میڈیا پر #ThankATeacherNYC ہیش ٹیگ کا استعمال کرتے ہوئے ہمارے شہر کے اساتذہ کی خدمات کو سراہیں۔

موسمیاتی عمل کا دن

تعلیمی سال 26–2025 کا دوسرا NYCPS موسمیاتی عمل کا دن **بدھ، 20 مئی** ہے! ہر موسمیاتی عمل کے دن، NYC پبلک اسکول برادریاں ایسی سرگرمیوں میں شریک ہوتی ہیں جو موسمیاتی تعلیم اور پائیداری کے طریقوں کو اجاگر کرتی ہیں۔ مئی کے مہینے کا موضوع "پانی" ہے، جو اسکولوں کو پانی کے ماحولیاتی نظام، بچت پر توجہ دینے اور ہمارے شہر میں بڑھتی ہوئے بارشوں اور طوفانوں کے ساتھ مطابقت پیدا کرنے کے بارے میں ترغیب دیتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/ClimateAction** پر جائیں۔

والدین - اساتذہ کانفرنسیں

اس سال کی آخری والدین اور اساتذہ کانفرنسوں (PTCs) کے لیے تیار ہو جائیں! عام طور پر، والدین - اساتذہ کانفرنسیں ریموٹلی کی جائیں گی، مگر چند اسکول خود موجودگی میں کانفرنس کرتے ہیں۔ ترجمے اور ترجمانی کی خدمات بھی دستیاب ہیں ۔ اگر آپ کو یہ خدمات درکار ہیں یا خود موجودگی میں کانفرنس چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کو مطلع کریں۔ مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی **schools.nyc.gov/PTC** پر جائیں۔

- **بدھ، 6 مئی**: مڈل اسکولوں اور D75 اسکولوں کے لیے والدین اساتذہ کی شام کی کانفرنس
- **جمعرات، 7 مئی**: الیمینٹری اسکولز اور پری کنڈرگارٹن مراکز کے لیے والدین اساتذہ کی شام کی کانفرنس
- **بدھ، 20 مئی**: ہائی اسکولوں، K–12 اور 6-12 اسکولز کے لیے والدین اساتذہ کی شام کی کانفرنس

برائے مہربانی اپنے بچے کے اساتذہ سے ان کے اسکول کے لیے تاریخوں کی تصدیق کرکے اپنی کانفرنس شیڈیول کریں۔